| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پچسواں ہفتہ | موضوع: | مذکر مونث | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مذکر اور مونث جان سکیں۔ مذکر اور مونث کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ، پھ، تھ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر اور مونث کی درست نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم پہلے مذکر مونث سیکھ چکے ہیں۔ مذکر تمام لڑکوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور مونث تمام لڑکیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مذکر ابو، دادا، چچا، لڑکا کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کے مونث پوچھیے۔ مونث نانی، پھوپھی، تائی، بہن کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کے مذکر پوچھیے۔ | 10 منٹ | بھ، پھ تھ کے الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>جماعت کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ کو تمام مذکر فلیش کارڈ دیے جائیں گے اور ایک گروپ کو مونث۔ پہلا گروپ مذکر فلیش کارڈ دکھائے گا اور دوسرا اس کا مونث بتائے گا۔ دوسرا گروپ مونث فلیش کارڈ دکھائے گا اور پہلا اس کا مذکر بتائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 27 کھولنے کو کہا جائے گا۔ مذکر کو مونث سے ملانے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے جملے معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائے گی۔ | 20 منٹ | مذکر اور مونث کے الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>ابو کے ابو کو کیا کہتے ہیں؟ امی کی امی کو کیا کہتے ہیں؟ ابو کی بہن کو کیا کہتے ہیں پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر مذکر کے مونث لکھیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ 27 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پچیسواں ہفتہ | موضوع: | مذکر مونث | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مذکر اور مونث جان سکیں۔ مذکر اور مونث کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ابو، خالو، تایا، پھوپھا، نانا کے مونث پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر اور مونث کی درست نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جانوروں کے مذکر مونث کے بارے میں جانیں گے۔ جس طرح انسانوں میں لڑکا اور لڑکی ہوتے ہیں اسی طرح جانوروں میں 'نر' اور 'مادہ' ہوتے ہیں۔ 'نر' جانور مذکر ہوتے ہیں اور 'مادہ' جانور مونث ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر 'مرغا' مذکر ہے اور اس کا مونث ہے مُرغی۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بتائے گی بیل/ گائے بلا/ بلی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ معلمہ زمین پر ہتھنی، گھوڑی، بکری، گائے، بلی، لومڑی، شیرنی، مرغی، اونٹنی، مورنی لکھے گی اور باری باری بچوں کو بُلا کر مذکر فلیش کارڈ دے گی۔ بچہ/ بچی اپنے کارڈ سے دیکھ کر اُس کا مذکر تلاش کرے گا اور اس پر چھلانگ لگائے گا۔<br>بچوں سے کاپی پر لومڑ، موڑ، بیل، اونٹ کے مذکر مونث کروائے جائیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی اور بچے بورڈ سے دیکھ کر کاپی پر لکھیں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے مذکر مونث لکھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پچسواں ہفتہ | موضوع: | مذکر مونث | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مذکر اور مونث جان سکیں ۔مذکر اور مونث کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے اونٹنی، گائے، مورنی، ہتھنی کے مذکر پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم مذکر/ مونث کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو Salt tray دی جائے گی معلمہ مذکر یا مونث فلیش کارڈ دکھا کر بچوں کو اس کا مذکر یا مونث لکھنے کو کہے گی۔ مثال کے طور پر" شیر" فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ بچے اس کا مونث Salt tray پر لکھیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>میز پر ایک ٹوکری میں تمام مذکر ( ابو، لڑکا، دادا، تایا، چچا، بھائی، پھوپھا، خالو، نانا، مور، لومڑ، اونٹ، بکرا، گھوڑا، بلا، ہاتھی ) الفاظ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ دوسری ٹوکری میں تمام مونث ( امی، لڑکی، دادی، تائی، چچی، بہن، پھوپھی، خالہ، نانی، مورنی، لومڑی، اونٹنی، بکری، گھوڑی، بلی، ہتھنی ) الفاظ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ بچے باری باری آئیں گے۔ مذکر فلیش کارڈ اٹھا کر پڑھ کر بتائیں گے اور پھر دوسری ٹوکری سے اس کا مونث فلیش کارڈ تلاش کریں گے۔ بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر پھوپھا، خالو، بہن، تایا، اور چچا کے مونث بورڈ سے دیکھ کر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>مذکر بتا کر ہوا میں اس کے مونث لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 86 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | Salt tray<br>مذکر فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک<br>کتاب صفحہ 86 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر اور مونث کی درست نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی پچیسواں ہفتہ | موضوع: | مذکر مونث | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پرندوں کے نام جان سکیں ۔ تصاویر دیکھ کر پرندوں کے نام لکھ اور پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو مذکر مونث کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'چڑیا' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون ہے؟ بچوں کو پوچھا جائے گا کہ چڑیا جانور ہے یا پرندہ؟ بچوں کو باز، الو، کبوتر، چڑیا، کوا کے تصاویر فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ پرندے ہوا میں اُڑتے ہیں۔ ان کے پر اور چونچ ہوتی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے معلمہ اوپر دیے پرندوں کی تصاویر فلیش کارڈ دکھائے گی اور بچے بورڈ پر اس کے نام کا پہلا حرف لکھیں گے۔<br>بچوں کو کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر باز، اُلو، کبوتر، کوا اور چڑیا اور ان کے توڑ لکھنا بتائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں باز، کوا، کبوتر، اُلو، لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | پرندوں کی تصاویر اور الفاظ فلیش کارڈ<br>چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پرندوں کے ناموں کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پچسواں ہفتہ | موضوع: | مذکر مونث | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پرندوں کے نام جان سکیں ۔ تصاویر دیکھ کر پرندوں کے نام لکھ اور پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کوا، چڑیا، کبوتر، الو اور باز کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ پرندہ ایک ایسا جانور ہے جس کے دُم چونچ اور پر ہوتے ہیں۔ پرندوں کی دو ٹانگیں ہوتی ہیں اور دو پر۔ پرندے اپنے پر خود کر بُرے موسم سے بچانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ پرندے درختوں پر اپنے گھونسلے بناتے ہیں اور پھل، حشرات، گھاس اور بیج وغیرہ کھاتے ہیں۔ مینا، چیل، تیتر اور فاختہ کی تصاویر فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تمام پرندوں کی تصاویر فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کرے گی۔ اور ٹوکری میں الفاظ فلیش کارڈ رکھے گی۔ بچوں سے باری باری کسی دو پرندوں کے نام بتانے، ان کے الفاظ فلیش کارڈ ٹوکری سے نکال کر تصاویر کے ساتھ چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔ پرندوں کے نام پڑھنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر فاختہ، مینا، چیل، تیتر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تمام پرندوں کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر اپنا پسندیدہ پرندہ بنائیں/تصویر چسپاں کریں اور نام بھی لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک<br>کتاب صفحہ 31 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پرندوں کے ناموں کی نشاندہی کرنے پر۔ |